## سوال

(481) جانور کو خصی کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علمائے دین مقتیان شرع متین اس مسئلے میں کہ بدھیا (خصی) کرنا کسی جانور کا جائز ہے یا نہیں؟ محمد حنیف عفا اللہ عنہ (4/ذیقعدۃ 1313ھ)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بدھیا کرنا کسی جانور کا جائز نہیں ہے۔ یہ تغییر خلق اللہ ہے اور اس کی نسبت اذن خداوندی کسی آیت یا حدیث سے ثابت نہیں ہے اور تغییر خلق اللہ بلا اذن خداوندی جائز نہیں ہے وَلَاٰمُرَنَّھُمْ فَلَیُغَیِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰہِ (سورہ نساء، رکوع ۱۷) [اور یقینا میں انھیں ضرور حکم دوں گا تو یقینا وہ ضرور اللہ کی پیدا کی ہوئی صورت بدلیں گے]

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## مجموعہ فتاویٰ عبداللہ غازی پوری

**کتاب الحظر والاباحة، صفحہ: 724**

محدث فتویٰ